https://www.mpboardonline.com

Serial Number

Roll No. ....................................

Total No. of Questions : 25

Total No. of Printed Pages : 8

# P-907

## High School, Examination (Regular) - 2020

## اردو اسپیشل

## URDU (Special)

Time : 3 Hours ] [ Maximum Marks : 100

---

**ہدایات :**

(i) جواب لکھتے وقت املا اور خوشخطی کا خاص خیال رکھیں۔

(ii) تمام سوالات کے جواب تحریر کرنا لازمی ہے۔

(iii) 'یا' کرکے دیے ہوئے سوال میں سے کسی ایک سوال کا ہی جواب لکھنا ہے۔

(iv) سبھی سوالات کے سامنے ان کے نمبر درج ہیں۔

(v) مختصر سوالات کے جواب تقریباً 30 الفاظ میں اور تفصیلی کا جواب تقریباً 75 الفاظ میں لکھیے۔

**سوال 1:** صحیح جواب چُن کر لکھیے : [5]

(الف) افسانے کا باقاعدہ آغاز ہوا :

(i) بیسویں صدی میں (ii) بارہویں صدی میں

(iii) چودہویں صدی میں (iv) پندرہویں صدی میں

(ب) اِس بناوٹی دُنیا میں جو لوگ دکھاوے کا کام نہیں کرتے وہ عام طور پر کیا سمجھے جاتے ہیں؟

(i) خودغرض (ii) ناسمجھ، کم عقل

(iii) مغرور (iv) بخیل اور پست فطرت



https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

(ج) ایسے الفاظ جن کی ساخت (بناوٹ) جدا ہو لیکن معنی ایک ہوں، کہلاتے ہیں :

(i) متضاد الفاظ (ii) ہم معنی الفاظ

(iii) محاورہ (iv) کہاوت

(د) غزل کو تصوف کی چاشنی دی :

(i) غالبؔ نے (ii) میرؔ نے

(iii) فانیؔ نے (iv) دردؔ نے

(ہ) تاجؔ کے پہلے شعری مجموعہ کا نام ہے :

(i) خیمۂ وگُل (ii) نغمۂ گُل

(iii) غنچہ وگُل (iv) آب وگُل

سوال 2: نیچے دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہوں کو پُر کیجیے : [5]

(i) طنز ............... کی غرض سے کیا جاتا ہے۔

(ii) وہ فعل جس میں کام کرنے والا نامعلوم ہو فعل ................... کہلاتا ہے۔

(iii) صنعتی انقلاب نے انسان کو ....................... سے روشناس کرایا۔

(iv) کلیجہ پکڑ ماں تو بس رہ گئی ....................... کی طرح بکس رہ گئی۔

(v) ماٹی کہیے کمہار سے تو کیا................... مویہ

سوال 3: درج ذیل جملے صحیح (✓) ہیں یا غلط (✗) نشاندہی کیجیے : [5]

(i) حکّو کا گورا رنگ اور کالے بال تھے۔ [ ]

(ii) غالبؔ کے خطوط کی دلچسپی کا راز یہ ہے کہ ان میں باتوں کا لطف آتا ہے۔ [ ]

(iii) جملے میں سوال کو ظاہر کرنے کے لیے لگائی جانے والی علامت کو مبالغہ کہتے ہیں۔ [ ]

(iv) جرأت اردو شاعری میں ایک نئے رنگ کے بانی ہیں۔ یہ نیا رنگ 'معاملہ بندی' ہے۔ [ ]

(v) عام طور پر نظم کا ایک مرکزی خیال ہوتا ہے۔ [ ]



https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

سوال 4:  صحیح جوڑی بنائیے :  [5]

| | 'الف' | 'ب' |
|---|---|---|
| (i) | اردو تنقید کی تاریخی کتاب | جسم دو ہیں، لیکن جان ایک |
| (ii) | چوری اور اس کا کفّارہ | شاہنامہ، اسلام |
| (iii) | یک جان دو قالب | مقدمہ شعر وشاعری |
| (iv) | حفیظؔ جالندھری | مطلع |
| (v) | غزل کا پہلا شعر | گاندھی جی کی آپ بیتی |

سوال 5:  ایک جملے میں جواب دیجیے :  [5]

(i) حلّو کا اصلی نام کیا تھا ؟

(ii) اردو کے پہلے سفرنامے کا نام کیا ہے؟

(iii) فانیؔ کی زندگی کے آخری ایام کیسے گزرے؟

(iv) مجروحؔ کس خیال کے شاعر تھے؟

(v) کبیر کے دیوان کا نام لکھیے۔

سوال 6:  اپنی تنخواہ کا بیشتر حصّہ شیلا کہاں خرچ کرتی تھی ؟  [2]

[یا]

جاپانی مکانات میں چائے بنانے کا چولہا عام طور پر کہاں بنا ہوتا ہے؟

سوال 7:  پہلی بار گوشت کھانے کے بعد گاندھی جی کی شب کس طرح گزری ؟  [2]

[یا]

مضمون نویس کو کون سی معلومات ہونا چاہیے؟



https://www.mpboardonline.com
https://www.mpboardonline.com
https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

سوال 8: ابتداء میں مصنف نے شیلا کپور کے بارے میں کیا رائے قائم کی ؟ [4]

[یا]

چائے سے قبل مہمانوں کو خاص انداز میں لڈو پیش کیے جانے کے عمل کو اپنے الفاظ میں لکھیے۔

سوال 9: درج ذیل اقتباس کو پڑھ کر نیچے لکھے سوالوں کے جواب لکھیے : [4]

(الف) میں نے مایا کو پتھر کے ایک کوزے میں مکھن رکھتے دیکھا۔ چھاچھ کی کھٹاس کو دور کرنے کے لیے مایا نے کوزے میں پڑے ہوئے مکھن کو کنوئیں کے صاف پانی سے کئی بار دھویا۔ اس طرح مکھن کے جمع کرنے کی کوئی خاص وجہ تھی۔ ایسی بات عموماً مایا کے کسی عزیز کی آمد کا پتہ دیتی تھی۔

سوالات :

(i) مندرجہ بالا اقتباس کے سبق اور مصنف کا نام لکھیے۔

(ii) مایا مکھن کو کنوئیں کے صاف پانی سے کیوں دھوتی تھی ؟

(iii) مندرجہ بالا اقتباس کی سلیس اُردو کیجیے۔

[یا]

(ب) ہوا یہ کہ ان دنوں مہاتما گاندھی، علی برادران کے ساتھ پانی پت آئے۔ ہمارے نانا کے مکان میں انہوں نے تقریریں کیں۔ ترک موالات اور سوراج کے بارے میں حکّو بھی ایک کونے میں بیٹھی ہوئی سنتی رہی۔ بعد میں چندہ جمع کیا تو اس نے اپنا سارا زیور اتار کر وطن کی آزادی کے لیے ان کی جھولی میں ڈال دیا۔

سوالات :

(i) مندرجہ بالا اقتباس کے مصنف اور سبق کا نام لکھیے۔

(ii) حکّو نے اپنے زیور کا کیا کیا ؟

(iii) مندرجہ بالا اقتباس کی سلیس اردو کیجیے۔

سوال 10: درج ذیل میں سے کسی ایک صنف کی تعریف لکھیے : [4]

(i) ترجمہ

(ii) افسانہ



https://www.mpboardonline.com
https://www.mpboardonline.com
https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

سوال11: درج ذیل میں سے کسی ایک مصنف کی سوانح حیات لکھیے : [4]

(i) مولانا الطاف حسین حالیؔ

(ii) آل احمد سرورؔ

(iii) راجیند رسنگھ بیدی

سوال 12: درج ذیل اشعار میں سے کسی ایک شعر کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے : [2]

(i) دل کا اجڑنا سہل سہی، بسنا سہل نہیں ظالم
بستی بسنا کھیل نہیں، بستے بستے بستی ہے

(ii) عہدِ انقلاب آیا دورِ آفتاب آیا
منتظر تھیں یہ آنکھیں جس کی اک زمانے سے

سوال13: درج ذیل شعراء میں سے کسی ایک شاعر کی سوانح حیات خصوصیاتِ کلام کے ساتھ تحریر کیجیے : [4]

(i) تاجؔ بھوپالی

(ii) جمیل اختر نظمیؔ

(iii) میر حسنؔ

سوال14: درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک صنف کی تعریف لکھیے : [4]

(i) مثنوی

(ii) غزل

سوال15: درج ذیل بند میں سے کسی ایک بند کی تشریح مع حوالہ لکھیے : [4]

(i) علم تجھ سے، تو معرفت مجھ سے
تو خدا جو، خدا نُما ہوں میں
علم کی انتہا ہے بے تابی
اس مرض کی مگر دوا ہوں میں

[یا]

https://www.mpboardonline.com
https://www.mpboardonline.com



https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

(ii) بول، یہ تھوڑا وقت بہت ہے
جسم و زباں کی موت سے پہلے
بول، کہ سچ زندہ ہے اب تک
بول، جو کچھ کہنا ہے کہہ لے

سوال16: فانی کو یاسیات کا امام کیوں کہا جاتا ہے؟ [2]

[یا]

''آ، نکل کے میداں میں دو رخی کے خانے سے'' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

سوال17: بارش کا ایک قطرہ معمولی ہوتے ہوئے بھی حسین کیوں ہے؟ [2]

[یا]

صداقت کی محفل میں 'عقل' کو اور حسن کی بزم میں 'دل' کو کیا مقام حاصل ہے؟

سوال18: شہزادے کے اچانک غائب ہوجانے پر کنیزوں پر کیا گزری؟ [2]

[یا]

بنا سوچے سمجھے کام کرنے سے کیا ہوتا ہے؟

سوال19: ماحولیاتی آلودگی سے انسان کو کون کون سے امراض ہوتے ہیں؟ [2]

[یا]

داغؔ کی غزل گوئی کی خصوصیات کیا ہیں؟

سوال20: سوداؔ، میرؔ اور دردؔ کا اردو غزل میں کیا تعاون ہے؟ [4]

[یا]

غزل اُردو شاعری کی مقبول صنفِ سخن کیوں ہے؟

سوال21: 'کہاوت' یا 'مبالغہ' کی تعریف مع مثال لکھیے۔ [4]

https://www.mpboardonline.com
https://www.mpboardonline.com



https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

سوال22: مندرجہ ذیل واحد کے جمع اور جمع کے واحد لکھیے : ( کوئی پانچ ) [5]

قول ، فرائض ، ٹھیلا ، وقت ، ارواح ، حال ، تصانیف ، اساتذہ

[یا]

مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد لکھیے : ( کوئی پانچ )

امانت ، الفت ، آقا ، صادق ، وفادار ، ثواب ، انسان

سوال23: اپنے اسکول کے پرنسپل صاحب کو کلاس کا پنکھا ٹھیک کرانے کے لیے درخواست لکھیے : [5]

[یا]

اپنے دوست/سہیلی کو امتحان میں اوّل آنے پر مبارک باد کا خط لکھیے۔

سوال24: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر تقریباً 300 الفاظ میں مضمون لکھیے : [10]

(i) سائنس کے فائدے اور نقصانات

(ii) پسندیدہ سیاسی/ادبی/معاشرتی شخصیت

(iii) مادری زبان، ذریعۂ تعلیم

(iv) طلبہ میں نظم وضبط

(v) جہیز ایک لعنت

سوال25: درج ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھ کر نیچے پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے : [5]

مدھیہ پردیش میں جن جاتیوں کی تعداد دوسرے صوبوں سے بہت زیادہ ہے، یہاں گونڈ، بھیل، کورکو، بیگا، بھاریا اور سہریا خاص جن جاتیاں ہیں۔ یہ جن جاتیاں مزاجاً کلا پریمی یعنی فنون وآرائش سے محبت کرنے والی ہوتی ہیں۔ گونڈ جن جاتی کی کلا کو 'چینہا' کہا جاتا ہے۔ بھیل جس جاتی کی کلا کو 'پتھورا' کہا جاتا ہے۔ یہ لوگ آنگن میں رنگولی بھی بناتے ہیں۔ سہریا جن جاتی مکان کی دیواروں پر تصویریں بناتے ہیں۔ کورکو جن جاتی کی مصوّری کو 'گدنی' کہا جاتا ہے۔ گدنی کے لیے لال مٹی کا استعمال کیا جاتا ہے۔ آج کل یہ سبھی جن جاتیاں اپنی روایات کو زندہ رکھتے ہوئے ترقیات کی راہ پر گامزن ہیں۔



https://www.mpboardonline.com
https://www.mpboardonline.com
https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

سوالات :

(i) مدھیہ پردیش کی خاص جَن جاتیوں کے نام لکھیے۔

(ii) جن جاتیاں مزاجاً کیسی ہوتی ہیں ؟

(iii) گونڈ جَن جاتی کی کلا کو کیا کہتے ہیں ؟

(iv) گدنی مصوری میں کون سی مٹی کا استعمال کیا جاتا ہے۔

(v) اوپر لکھی عبارت کا ایک مناسب عنوان لکھیے۔

---

https://www.mpboardonline.com
https://www.mpboardonline.com
https://www.mpboardonline.com
Whatsapp @ 9300930012
Send your old paper & get 10/-
अपने पुराने पेपर्स भेजे और 10 रुपये पायें,
Paytm or Google Pay से



https://www.mpboardonline.com